BRAMPTON Service and Information Update

## مورخہ 1 نومبر سے برامپٹن ٹرانزٹ سروس میں لاگو ہونے والی تبدیلیاں

برامپٹن، آن (19 اکتوبر 2021) – مورخہ 1 نومبر سے برامپٹن ٹرانزٹ سروس پر اعتماد کو بہتر بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سروس میں مندرجہ ذیل تبدیلیوں پر عمل درآمد کیا جائے گا تاکہ ہمارا ٹرانزٹ سسٹم لوگوں کو مؤثر طریقے سے شہر میں ان کی منزل مقصود تک پہنچاتا رہے۔

**501 زوم کوئین**

- دوران ہفتہ، صبح کے اوقات میں اضافی ایسٹ باؤنڈ ٹرِپس جو برامپلا ٹرانزٹ ٹرمینل سے صبح 6:03، 6:13 اور 6:23 پر روانہ ہوں گے۔

**4/4A چنگواکوسی**

- دوران ہفتہ، بعد از شام کے نارتھ باؤنڈ ٹرِپس میں اضافہ کر کے ٹرِپس کی کثرت ہر 20 منٹ کے بجائے ہر 15 منٹ کر دی گئی ہے۔
- دوران ہفتہ، بعد از شام کے برامپٹن گیٹ وے ٹرمینل سے نارتھ باؤنڈ ٹرِپس میں اضافہ کیا گیا ہے، جو رات 11:45، رات 12:00، رات 12:11، رات 12:15، رات 12:30، رات 12:45، رات 1:00، رات 1:15 اور رات 1:30 پر روانہ ہوں گے۔

**5 بوویرد**

- سروس پر اعتماد میں بہتری لانے کے لیے ہفتہ اور اتوار کے دنوں کو ایڈجسٹ کر دیا گیا ہے

**11 سٹیلز**

- میپل لاج فارمز سے موجودہ رات 2:20 کی ایسٹ باؤنڈ سروس کو لِسگر گو اسٹیشن سے رات 2:13 پر روانگی کی سروس میں ایڈجسٹ کر دیا گیا ہے

**18 ڈکسی**

- دوران ہفتہ، صبح کے اوقات میں اضافی ساؤتھ باؤنڈ ٹرِپس جو برامپلا ٹرانزٹ ٹرمینل سے صبح 6:15، 7:26 اور 7:40 پر روانگی ہو گی

**26 ماؤنٹ پلیزنٹ**

- دوران ہفتہ، بعد از شام کی سروس کو بحال کر دیا گیا ہے
- دوران، ہفتہ ماؤنٹ پلیزنٹ ویلج سے نارتھ باؤنڈ کی روانگیوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے – شام 8:10، شام 8:50، رات 9:30، رات 10:10 اور رات 10:50 پر روانگی ہو گی
- دوران ہفتہ، کلارک ورک ڈرائیو اور چنگواکوسی پارک سے ساؤتھ باؤنڈ روانگیوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے – شام 8:27، شام 9:07، رات 9:47 اور رات 10:27 پر روانگی ہو گی

**کووِڈ-19 کے لیے حفاظتی اقدامات**

اس وقت جبکہ ہم کووڈ-19 پر نظررکھے ہوئے ہیں، تو ہمارا مقصد اپنے مسافروں اور ملازمین کی صحت اور حفاظت کو ترجیح دینے والی بہترین سروس فراہم کرنا ہے۔ اگرچہ اب گھر پر ٹھہرنے کا حکم ختم کر دیا گیا ہے، مگر کووڈ-19 ہماری کمیونٹی میں ابھی بھی موجود ہے اور ہمیں اس سے چوکس رہنا چاہیے اور پیل پبلک ہیلتھ کی فراہم کردہ رہنماء ہدایات پر عمل درآمد جاری رکھنا چاہیے۔ اس سے ہماری سروس متاثر ہو سکتی ہے اور منسوخ بھی ہو سکتی ہے، لہٰذا ہم اس دوران آپ کے صبر اور تعاون کی خواہش رکھتے ہیں۔

سفر کے دوران، بس اور ٹرمینلز پر سخت فٹنگ کا حامل ماسک پہنیں اور سفر کے دوران کھانے یا پینے کے لیے اپنا ماسک نیچے کرنے سے گریز کریں، ماسوائے یہ کہ ایسا کرنا ایک طبی ایمرجنسی نہ ہو۔ ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کرتے ہوئے، اپنے ہاتھ کثرت سے دھوکر اور جسمانی فاصلے کی مشق کر کے اپنے آپ کو اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ، حکومتِ اونٹیریو اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔

باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا Twitter پر bramptontransit@ کو فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
پرابجوت کینتھ
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Prabhjot.Kainth@brampton.ca